سوال

(76) نماز کے دوران مجھے قراءت اور تکبیر میں شک ہوتا رہتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میری مشکل یہ ہے کہ جب مسجد میں داخل ہوتا ہوں ، قبلہ رخ ہوتا ہوں اور تکبیر تحریمہ کہتا ہوں تو مجھے شک پڑنے لگتا ہے کہ آیا میں نے تکبیر تحریمہ کہی ہے ؟ میں دوبارہ تکبیر کہتا ہوں اس کے بعد میں فاتحہ پڑھتا ہوں تو بھول جاتا ہوں اورنئے سرے سے دوبارہ پڑھتا ہوں ۔ خاص جب میں امام کے ساتھ ہوتا ہوں تو یہ صورت پیش آتی ہے ۔

کیااندریں صورت حال میری نماز صحیح ہے ؟ میں سہو سے بچنے کے لے کیا کروں ؟ مجھے مستفید فرمایئے ۔ اللہ آپ کو اجر عطا فرمائے ۔ عبداللہ ۔ م

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو صورت حال آپ نے بیان کی ہے آپ کی نماز درست ہے لیکن آپ کو وساوس سے بچنا چاہے اور یہ صورت میں ہو گا کہ آپ سمجھیں کہ آپ اللہ کے سامنے کھڑے ہیں اور جب آپ نماز میں شامل ہوں تو اللہ کی عظمت کو پیش نظر رکھیں اور اپنے دل کو اس پر مطمئن کریں ۔ ساتھ ہی شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگیں ۔ اس طرح انشاء اللہ شیطانی وساوس دور ہوجائیں گے ۔ شیطان خاک آلودہ ہو گا اور آپ کا پروردگار راضی ہو گا ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ابن باز رحمہ اللہ

جلداول - صفحہ 86

محدث فتویٰ